مختصر
احکامِ نماز

أبو عبد الرحمن
محمد رفیق طاہر

مکتبة أهل الحدیث
www.ahlulhdeeth.net

حقوق الطبعة محفوظة

نام کتاب:.................. مختصر صحیح نماز نبوی

مؤلف:..................... مولانا محمد رفیق طاہر حفظہ اللہ

کمپوزنگ:.................. ابو عبداللہ آزادؔ

ناشر:...................... مکتبۃ اہل الحدیث ملتان

اشاعت اولی:................ ۱۴۳۳ سنہ

تعداد:..................... ۱۱۰۰

قیمت:...................... روپے

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	وضوء کا بیان	۵
۲	غسل کے مسائل	۷
۳	مسواک کا بیان	8
۴	تیمم کا بیان	9
۵	مساجد کے مسائل	۱۰
۶	اوقات نماز	۱۲
۷	اذان واقامت	۱۳
۸	قبلہ اور سترہ کے مسائل	۱۵
۹	جماعت کا بیان	۱۶
۱۰	امامت کا بیان	۱۷
۱۱	مقتدی کے مسائل	۱۸
۱۲	صف بندی کا بیان	۱۹
۱۳	نماز میں خشوع کا بیان	۲۰
۱۴	کیفیت نماز نبوی	۲۱
	قیام کا بیان	۲۱
۱۵	رکوع کا بیان	۲۴
۱۶	قومہ کا بیان	۲۵

۱۷	سجدے کا بیان	۲۶
۱۸	جلسہ کا بیان	۲۷
۱۹	دوسری رکعت	۲۸
۲۰	درمیانہ تشہد	۲۹
	آخری تشہد	۳۰
	تشہد کے الفاظ	۳۱
	درود شریف	۳۱
	سلام سے قبل کی دعائیں	۳۲
	سلام کا بیان	۳۲
	سلام کے بعد کے مسنون اذکار	۳۳
	قیام اللیل وصلاۃ الوتر	۳۵
	نمازوں کی رکعات کا بیان	۳۸
	خواتین کے مسائل	۴۰
	نماز میں جائز امور	۴۱

وضو کا بیان:

1. بغیر وضوء کے نماز نہیں ہوتی۔ [۱]
2. وضوء کے لیے نیت کا ہونا ضروری ہے۔ [۲]
3. بسم اللہ پڑھ کر وضوء شروع کریں۔ [۳]
4. سب سے پہلے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوئیں۔ [۴]
5. دائیں جانب سے وضوء کے تمام اعضاء کو دھونے کا آغاز کریں۔ [۵]
6. ایک چلو میں پانی لیں اور اس کا کچھ حصہ کلی کرنے کے لیے منہ میں ڈالیں اور کچھ ناک میں۔ [٦]
7. ناک میں اچھی طرح پانی چڑھائیں۔ [۷]
8. ناک کو جھاڑیں۔ [۸]
9. پھر چہرے کو دھوئیں۔ [۹]
10. چہرے کو دونوں ہاتھوں سے دھوئیں۔ [۱۰]

---

(۱) مسلم ۔ كتاب الطهارة ۔ باب وجوب الطهارة للصلاة۔ ح: ۲۲۴
(۲) بخاری۔كتاب بدء الوحی۔ باب بدء الوحی۔ ح: ۱
(۳) ترمذی ۔ ابواب الطهارة عن رسول اللهﷺ ۔ باب ماجاء فی التسمية عند الوضوء۔ ح: ۲۵
(٤) بخاری۔كتاب الوضوء۔ باب الاستجمار وتراً۔ ح: ۱٦۲
(٥) بخاری۔ كتاب الصلاة۔ باب التيمن فی دخول المسجد وغيره۔ ح: ۴۲٦
(٦) جامع الترمذي ۔ أبواب الطهارة ۔ باب المضمضة والإستنشاق من كف واحد۔ ح: ۲۸
(۷) ابوداؤد۔ كتاب الطهارة۔ باب فی الاستنثار۔ ح: ۱۴۲
(۸) بخاری۔كتاب الوضوء۔ باب الاستجمار وتراً۔ ح: ۱٦۲
(۹) المائدة۔ آیت : ٦
(۱۰) بخاری۔كتاب الوضوء۔ باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة۔ ح: ۱۴۰

11 داڑھی کا خلال کریں۔[11]

12 آنکھوں کے کوئے (وہ حصہ جو ناک کی طرف ہوتا ہے) دھوئیں۔[12]

13 پھر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئیں۔[13]

14 اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کریں۔[14]

15 پھر مکمل سر کا مسح کریں۔[15]

16 سر کے مسح کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو سر کے ابتدائی حصہ (پیشانی) پر رکھیں۔ پھر ان کو پیچھے کی طرف لے جائیں اور وہاں سے پھر واپس لائیں۔[16]

17 کانوں کا بھی مسح کریں۔ کیونکہ حدیث میں آیا ہے: کان سر کا حصہ ہیں۔[17]

18 کانوں کا مسح اس طرح کریں کہ انگوٹھے کو کان کی لو کے ظاہری حصہ پر رکھیں اور شہادت والی انگلی کو لو کے اندرونی حصہ پر رکھ کر رستوں پر گھماتے ہوئے سوراخ تک پہنچا دیں۔ پھر انگلی کو باہر نکالے بغیر انگوٹھے کو نیچے سے اوپر کی طرف گھمائیں۔[18]

19 ٹخنوں سمیت پاؤں دھوئیں۔[19]

20 پاؤں کی انگلیوں کا خلال کریں۔[20]

---

(۱۱) ابوداؤد۔ کتاب الطهارة۔ باب تخليل اللحية۔ ح: ۱۴۵

(۱۲) ابوداؤد۔ کتاب الطهارة۔ باب صفة وضوء النبیﷺ۔ ح:

(۱۳) المائدة۔ آیت: ٦

(۱۴) ترمذی۔ ابواب الطهارة۔ باب ماجاء فی تخليل الأصابع۔ ح: ۳۹

(۱۵) المائدة۔ آیت: ٦

(۱۶) بخاری۔کتاب الوضوء۔ باب مسح الرأس كله۔ ح: ۱۸۵

(۱۷) المائدة۔ آیت: ٦۔۔۔ابوداؤد۔ کتاب الطهارة۔ باب صفة وضوء النبی۔ ح: ۱۳۴

(۱۸) نسائی۔ کتاب الطهارة۔ باب مسح الأذنين مع الرأس ۔ ح: ۱۰۲

(۱۹) المائدة۔ آیت: ٦

21 اس کے بعد یہ دعا پڑھیں: "«أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ»"[۲۱]

غسل کے مسائل:

1 احتلام، التقائے ختانین، منی کا بطریق شہوت نکل جانا، حیض، اور نفاس غسل کو واجب کر دیتا ہے۔

2 جب غسل جنابت کرنا ہو تو ہاتھ دھوئیں۔ پھر دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر استنجاء کریں اور نجاست صاف کرنے کے بعد ہاتھ کو زمین پر رگڑیں۔ پھر وضوء کے طریقے کے مطابق ہاتھوں کو دھوئیں، کلی کریں، ناک میں پانی چڑھائیں، ناک جھاڑیں، چہرہ دھوئیں، دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئیں، انگلیوں کا خلال کریں اور پھر انگلیوں کو گیلا کر کے بالوں کی جڑوں میں داخل کریں اور سر کا خلال کریں۔ پھر سر پر تین دفعہ پانی ڈالیں اور اس کے بعد تمام جسم پر پانی بہائیں اور پھر اس جگہ سے علیحدہ ہو کر پاؤں دھو لیں۔[۲۲]

---

[۲۰] جامع الترمذی۔ ابواب الطهارة ۔ باب ما جاء فی تخليل الأصابع۔ ح: ۳۹

[۲۱] مسلم ۔ كتاب الطهارة۔ باب الذكر المستحب عقب الوضوء۔ ۲۳۴

[۲۲] صحیح بخاری۔ كتاب الغسل۔ باب الوضوء قبل الغسل۔ ح: ۲۴۸۔۔و باب تفريق الغسل والوضوء۔ ح: ۲۶۵۔۔و باب من أفرغ بيمينه على شماله في الغسل۔ ح: ۲۶۶۔۔۔ صحیح مسلم۔ كتاب الحيض۔ باب صفة غسل الجنابة۔ ح: ۳۱۶

3 رسول اللہ ﷺ سے غسل کے وضوء کے دوران سر اور کانوں کا مسح کرنا اور اسی جگہ پر پاؤں دھونا ثابت نہیں ہے۔(۲۳)

مسواک کا بیان:

1 رسول اللہ ﷺ نے ہر نماز کے ساتھ اور ہر وضوء کے ساتھ مسواک کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔(۲۴)

2 مسواک منہ کو صاف کرنے اور رب کو راضی کرنے والی ہے۔(۲۵)

3 مسواک کی لمبائی، موٹائی وغیرہ سنت سے ثابت نہیں ہے۔

4 مسواک کرتے وقت رسول اللہ ﷺ کی کیفیت یوں ہوتی تھی گویا کہ آپ ﷺ قے کر رہے ہوں۔(۲۶)

5 رسول اللہ ﷺ مسواک اپنی زبان مبارک پر بھی مارتے تھے۔(۲۷)

تیمم کا بیان:

---

(۲۳) نسائی۔ کتاب الغسل والتيمم۔ باب ترك مسح الرأس في الوضوء من الجنابة۔ ح: ۴۲۲، بخاری۔ کتاب الغسل ۔ باب تفريق الغسل والوضوء ح : ٢٦٥

(۲٤) بخاری۔ کتاب الجمعة۔ باب السواک یوم الجمعة۔ ح: ۸۸۷

(۲٥) نسائی ۔ کتاب الطهارة۔ باب الترغيب في السواک۔ ح: ٥

(۲٦) بخاری۔ کتاب الوضوء۔ باب السواک۔ ح: ۲۴۴

(۲۷) بخاری ۔ کتاب الوضوء۔ باب السواک۔ ح: ۲۴۶--- مسلم۔ کتاب الطهارة۔ باب السواک ۔ ح: ۲۵۴

1. پانی نہ ملنے کی صورت میں وضوء اور غسل کی جگہ تیمم کیا جا سکتا ہے۔[۲۸]
2. تیمم صعید طیب سے کریں۔[۲۹]
3. صعید صرف غبار والی مٹی کو ہی کہتے ہیں۔[۳۰]
4. تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہتھیلیوں کو ایک مرتبہ زمین پر ماریں۔ ان کو جھاڑیں۔ پھر اپنے بائیں ہاتھ کے ساتھ دائیں ہاتھ کا مسح کریں اور دائیں ہاتھ کے ساتھ بائیں ہاتھ کا۔ پھر ان دونوں کو اپنے چہرے پر پھیر لیں۔[۳۱]
5. تیمم میں ترتیب شرط یا ضروری نہیں ہے۔[۳۲]

مساجد کے مسائل:

1. مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھیں: ''«أَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ بِسْمِ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمِ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ» ''[۳۳]

---

(۲۸) المائدۃ۔ آیت: ٦
(۲۹) المائدۃ۔ آیت: ٦
(۳۰) لسان العرب لابن منظور۔ ۳/۲۵۴
(۳۱) بخاری، کتاب التیمم، باب التیمم، ح: 347، مسلم۔ کتاب الحیض۔ باب التیمم۔ ح: ۳٦۸
(۳۲) بخاری۔ کتاب التیمم ۔ باب التیمم ضربۃ: ۳٤۷
(۳۳) مسلم۔ کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا۔ باب ما یقول إذا دخل المسجد۔ ح: ۷۱۳

2. مسجد سے باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھیں: ''«أَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ بِسْمِ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمِ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ»''(۳۴)

3. مسجد میں کچا پیاز، لہسن، مولی کھا کر اور بدبودار جرابیں پہن کر اور سگریٹ وغیرہ پی کر آنا منع ہے۔(۳۵)

4. رسول اللہ ﷺ نے گھروں میں مسجدیں بنانے کا حکم دیا اور ان کو پاک صاف کرنے اور خوشبودار رکھنے کا بھی حکم دیا ہے۔(۳۶)

5. مسجد میں دو رکعتیں پڑھے بغیر بیٹھنا منع ہے۔(۳۷)

6. مسجد نبوی میں نماز پڑھنا مسجد حرام کے علاوہ باقی تمام مسجدوں کی نسبت ایک ہزار گنا فضیلت رکھتا ہے۔(۳۸)

7. مسجد حرام میں نماز پڑھنا ایک لاکھ گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔(۳۹)

8. مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ اسے دفن کر دیا جائے۔(۴۰)

---

(۳۴) شرح النووی علی مسلم۔ کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا۔ باب ما یقول إذا دخل المسجد۔ تحت حدیث: ۷۱۳

(۳۵) صحیح مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب نہی من أکل ثوما أو بصلا أو کرثا أو نحوہا ما لہ۔ ح: ۵۶۴

(۳۶) جامع الترمذی۔ کتاب الجمعۃ عن رسول اللہ ﷺ ۔ باب ما ذکر فی تطییب المساجد۔ ح: ۵۹۴

(۳۷) بخاری۔ کتاب الجمعۃ۔ باب ماجاء فی التطوع۔ ح: ۱۱۶۷

(۳۸) صحیح بخاری۔ کتاب الجمعۃ۔ باب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ

(۳۹) مسند أحمد۔ ح: ۱۵۶۸۵

9. قبرستان،[41] روڑی (گندگی کے ڈھیر)، بول وبراز (قضائے حاجت) کی جگہ اور کسی بھی قسم کی ناپاک جگہوں،[42] اور اونٹوں کے باڑے[43] میں نماز پڑھنا منع ہے۔

10. مسجد میں جہادی مشقیں کرنا جائز ہے۔[44]

11. مسجد میں خیمہ لگانا جائز ہے۔[45]

12. جو شخص مسجد میں غیر ذوی العقول گم شدہ چیز کا اعلان کرے، اسے یہ بد دعا دیں:
«لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ »[46]

13. مسجد میں تجارت کرنے والے کے لیے یوں بد دعا کریں: "«لَا أَرْبَحَ اللَّهُ تِجَارَتَكَ»[47]

14. مسجد میں اچھے اشعار پڑھنا جائز ہے۔[48]

اوقات نماز:

1. نماز مؤمنوں پر مقررہ وقت پر فرض کی گئی ہے۔[49]

---

(٤٠) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب کفارۃ البزاق فی المسجد۔ ح: ۴۱۵
(٤١) صحیح مسلم ۔ کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا ۔ باب استحباب صلاۃ النافلۃ فی بیته۔ح۷۷۷
(٤٢) صحیح مسلم ۔ کتاب الطهارة ۔ باب وجوب غسل البول وغيره من النجاسات۔ح۲۸۵
(٤٣) صحیح مسلم ۔ کتاب الحیض ۔ باب الوضوء من لحوم الإبل ۔ح۳۶۰
(٤٤) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب أصحاب الحراب في المسجد۔ ح: ۴۵۵
(٤٥) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب الخیمة فی المسجد للمرضی وغیرہم۔ ح: ۴۶۳
(٤٦) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب النهي عن نشد الضالة في المسجد۔ ح: ۵۶۸
(٤٧) سنن ترمذی۔ ابواب البیوع ۔ باب النهي عن البیع فی المسجد۔ ح: ۱۳۲۱
(٤٨) بخاری۔ کتاب بدء الخلق۔ باب ذکر الملائکة۔ ح: ۳۲۱۲
(٤٩) النساء۔ آیت : ۱۰۳

2. نمازِ فجر کا وقت طلوعِ صادق سے لے کر طلوع آفتاب تک ہے۔ (۵۰)

3. نمازِ ظہر کا وقت سورج کے زائل ہونے سے لے کر ہر چیز کا سایہ اس کی مثل ہونے تک ہے۔ (۵۱)

4. نماز عصر کا وقت سورج کے زرد ہونے تک ہے۔ (۵۲)

5. مغرب کی نماز کا وقت سورج کے غروب ہونے سے لے کر شفق (سرخی) کے غائب ہونے تک ہے۔ (۵۳)

6. عشاء کی نماز کا وقت غروب شفق سے لے کر آدھی رات تک ہے۔ (۵۴)

7. ایک سے زائد نمازیں قضا ہو جانے پر بالترتیب نمازیں ادا کریں۔ (۵۵)

8. جو آدمی نماز پڑھنا بھول جائے یا سویا رہے تو جب یاد آئے یا بیدار ہو، نماز ادا کر لے۔ (۵۶)

اذان واقامت:

1. جب نماز کا وقت ہو جائے تو قبلہ رو ہو کر اذان دیں۔ (۵۷)

---

(۵۰) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب أوقات الصلوات الخمس۔ ح: ٦١٢
(۵۱) حوالہ سابقہ
(۵۲) حوالہ سابقہ
(۵۳) حوالہ سابقہ
(۵۴) حوالہ سابقہ
(۵۵) بخاری۔ کتاب مواقیت الصلاۃ ۔ باب من صلی بالناس جماعۃ بعد ذہاب الوقت۔ ح: ۵۹٦
(۵٦) سنن ترمذی۔ ابواب الصلاۃ ۔ باب ماجاء فی الرجل ینام عن الوتر أو ینساہ۔ ح: ۴٦۵
(۵۷) بخاری۔ کتاب الاذان ۔ باب بدء الأذان۔ ح: ٦۰۴ ، مسند السراج ۔ باب القول عند الأذان ح:٦١

2. نابینا آدمی اذان دے سکتا ہے۔[58]

3. اگر نماز کے وقت سب لوگ سوئے رہیں یا بھول جائیں تو بیدار ہونے پر یا یاد آنے پر اذان دیں اور اقامت کہہ کر باجماعت نماز ادا کریں۔[59]

4. عیدین کے لیے اذان نہیں دی جائے گی۔[60]

5. اذان ترجیعی (یعنی ڈبل) اور غیر ترجیعی (یعنی سنگل) دونوں طرح جائز ہے۔

6. غیر ترجیعی اذان کے الفاظ یہ ہیں:

"اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ[61]

اور ترجیعی اذان کے الفاظ یہ ہیں:

"اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

---

(۵۸) بخاری۔ کتاب الأذان ۔ باب أذان الأعمى إذا كان له من يخبره۔ ح: ٦١٧

(۵۹) بخاری۔ کتاب التیمم۔ باب الصعيد الطيب وضوء المسلم يكفيه من الماء۔ ح: ٣٤٤

(٦٠) مسلم۔ کتاب صلاة العيدين۔ بابٌ۔ ح: ٨٨٥

(٦١) سنن أبي داود۔ كتاب الصلاة۔ باب كيف الأذان۔ ح: ٤٩٩

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ   أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ   حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ   حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ   لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ[٦٢]

7 صبح کی اذان میں "حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ" کے بعد "**اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ**" دو مرتبہ کہیں۔[٦٣]

8 اذان سننے والا اذان کے جواب میں وہی الفاظ دہرائے، مگر "حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ" اور "حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ" کی جگہ "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ" کہے۔[٦٤]

9 اذان کے بعد درود پڑھیں اور پھر یہ دعا کریں: "**اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ**"[٦٥]

10 ہر اذان و اقامت کے درمیان نماز کا وقفہ رکھیں۔[٦٦]

---

(٦٢) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب صفة الأذان۔ ح: ٣٧٩

(٦٣) سنن نسائی۔ کتاب الأذان۔ باب التثويب في أذان الفجر۔ ح: ٦٤٧

(٦٤) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب استحباب القول مثل قول المؤذن۔ ح: ٣٨٥

(٦٥) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الدعاء عند النداء۔ ح: ٦١٤۔۔۔ مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب استحباب القول مثل المؤذن۔ ح: ٣٨٤

(٦٦) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب کم بين الأذان والإقامة ومن ينتظر الإقامة۔ ح: ٦٢٤

11 اذان میں جب "حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ" اور "حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ" کہیں تو دائیں اور بائیں چہرہ موڑیں، سارا جسم نہ موڑیں۔(٦٧)

12 اقامت کے وقت بھی اذان والے کلمات ہی کہیں مگر ایک ایک مرتبہ اور "حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ" کے بعد "قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ" دو مرتبہ کہیں۔(٦٨)

13 جب اقامت ہو جائے تو فرضی نماز کے علاوہ اور کوئی نماز نہیں ہوتی۔(٦٩)

14 اذان اور اقامت کے درمیان دعا رد نہیں ہوتی۔(٧٠)

قبلہ اور سترہ کے مسائل:

1 سترے کے بغیر نماز پڑھنے سے رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔(٧١)

2 سترے اور نمازی کے درمیان زیادہ فاصلہ نہ ہو۔(٧٢)

3 امام کا سترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے۔(٧٣)

4 جب سترہ اور نمازی کے درمیان سے کوئی گزرنے لگے تو اسے روکیں۔ اگر وہ باز نہ آئے تو اس سے لڑیں۔ یقیناً وہ شیطان ہے۔(٧٤)

---

(٦٧) سنن أبي داؤد۔ كتاب الصلاة۔ باب في المؤذن يستدير في أذانه۔ ح: ٥٢٠
(٦٨) سنن نسائی۔ كتاب الأذان۔ باب تثنية الأذان۔ ح: ٦٢٨
(٦٩) مسلم۔ كتاب صلاة المسافرين وقصرہا۔ باب كراہية الشروع في نافلة بعد شروع المؤذن۔ ح: ٧١٠
(٧٠) سنن أبي داؤد۔ كتاب الصلاة۔ باب في الدعاء بين الأذان والإقامة۔ ح: ٥٢١
(٧١) صحيح ابن خزيمة۔ باب النهى عن الصلاة إلى غير سترة۔ ح: ٨٠٠
(٧٢) بخاری۔ كتاب الصلاة۔ باب قدر كم ينبغي أن يكون بين المصلى والسترة۔ ح: ٤٩٦
(٧٣) بخاری۔ كتاب العلم۔ باب متى يصح سماع الصغير۔ ح: ٧٦
(٧٤) بخاری۔ كتاب الصلاة۔ باب يرد المصلى من مر بين يديه۔ ح: ٥٠٩

5 سترہ کی اونچائی کم از کم اونٹ کے کجاوے کے پچھلے حصہ کے برابر ہو۔ جو کہ تقریبا ایک ذراع یعنی ڈیڑھ فٹ بنتی ہے۔ (۷۵)

6 نماز کے وقت قبلہ رُخ ہونا ضروری ہے۔ (۷۶)

7 لاعلمی کی صورت میں جس طرف بھی منہ کرکے نماز پڑھی جائے، درست ہو جائے گی۔ (۷۷)

8 نفلی نماز سواری پر غیر قبلہ رخ بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ (۷۸)

جماعت کا بیان:

1 مردوں کے لیے فرضی نماز باجماعت ادا کرنا ضروری ہے۔ (۷۹)

2 دو آدمی ہوں تو ان میں سے ایک امامت کروائے۔ (۸۰)

3 اذان ہونے کے بعد باجماعت نماز پڑھے بغیر مسجد سے نکل جانا پیارے پیغمبر ﷺ کی نافرمانی ہے۔ (۸۱)

---

(۷۵) بخاری۔ کتاب الصلاۃ ۔ باب الصلاۃ إلی الراحلة والبعیر والشجر والرحل ح: ۵۰۷، أبو داود ۔ کتاب الصلاۃ باب مایستر المصلی ح: ٦٨٦

(۷۶) البقرۃ۔ آیت: ۱۵۰

(۷۷) بخاری۔ کتاب الصلاۃ ۔ باب ماجاء فی القبلة ومن لم یر الإعادۃ علی من سها فصلی إلی غیر القبلة۔ ح: ۴۰۳

(۷۸) مسلم۔ کتاب صلاۃ المسافرین ۔ باب جواز صلاۃ النافلة علی الدابة فی السفر حیث توجهت۔ح: ۷۰۰

(۷۹) البقرۃ۔ آیت: ۴۳

(۸۰) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الأذان للمسافر إذا کانوا جماعة۔ ح: ٦٣٠

(۸۱) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب النهی عن الخروج من المسجد إذا أذن المؤذن۔ ح: ٦٥٥

4 باجماعت نماز ادا کرنا اکیلے نماز پڑھنے کی نسبت ۲۷ گناہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔[۸۲] اور جماعت میں جتنی زیادہ تعداد ہوگی اتنی ہی زیادہ افضل ہے۔[۸۳]

5 عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنا منافقین پر بھاری ہے۔[۸۴]

6 اگر کوئی گھر میں نماز پڑھ کر آئے اور مسجد میں جماعت ہو رہی ہو تو وہ دوبارہ باجماعت نماز ادا کرے۔[۸۵]

7 نابالغ بچہ بھی جماعت کرواسکتا ہے۔[۸۶]

امامت کا بیان:

1 امامت کا زیادہ حق دار وہ ہے، جو سب سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ اگر اس میں سب برابر ہوں تو سنت کو زیادہ جاننے والا امامت کروائے۔ اگر اس میں بھی سب برابر ہوں تو ان میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والا امامت کروائے۔ اگر ہجرت کرنے میں بھی سب برابر ہوں تو جو ان میں سے پہلے اسلام لایا ہو، وہ امامت کروائے۔[۸۷]

2 نابالغ بچہ بھی علم زیادہ ہونے کی وجہ سے قوم کا امام بن سکتا ہے۔[۸۸]

---

(۸۲) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب فضل صلاۃ الجماعة وبیان التشدید فی التخلف عنها۔ ح: ٦٥٠

(۸۳) سنن النسائی۔ کتاب الإمامة۔ باب الجماعة إذا کانوا اثنین۔ ح: ٨٤٣

(۸٤) بخاری۔ کتاب مواقیت الصلاۃ۔ باب ذکر العشاء والعتمة۔ کتا ب الأذان ۔ باب فضل العشاء فی الجماعة۔ ح: ٦٥٧

(۸٥) سنن أبی داؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب فیمن صلی فی منزله ثم أدرک الجماعة یصلی معهم۔ ح: ٥٧٥

(۸٦) بخاری۔ کتاب المغازی۔ بابٌ۔ ح: ٤٣٠٢

(۸۷) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب من أحق بالإمامة۔ ح: ٦٧٣

(۸۸) بخاری۔ کتاب المغازی۔ بابٌ۔ ح: ٤٣٠٢

3. مقررہ امام کی اجازت کے بغیر کوئی دوسرا اس کی جگہ امامت نہ کروائے۔[۸۹]

4. اگر مقتدی ایک ہو اور وہ امام کے بائیں جانب کھڑا ہو جائے تو امام اس کو اپنے پیچھے سے گھما کر دائیں جانب لے آئے۔[۹۰]

5. امام صفوں کو درست کروا کر نماز کا آغاز کرے۔[۹۱]

6. امام نماز کے بعد کبھی بائیں اور کبھی دائیں جانب سے بھی مقتدیوں کی جانب رُخ کرے۔[۹۲]

مقتدی کے مسائل:

1. مقتدی کو امام کی پوری پوری اقتداء کرنی چاہیے۔[۹۳]

2. جب امام ایک رکن میں مکمل طور پر داخل ہو جائے تو پھر مقتدی کو اس میں داخل ہونے کا آغاز کرنا چاہیے۔[۹۴]

3. جب تک امام کا ماتھا زمین پر نہ لگے، اس وقت تک مقتدی سجدے کے لیے اپنی کمر کو بھی نہ جھکائے۔[۹۵]

---

(۸۹) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاة۔ باب من أحق بالإمامة۔ ح: ٦٧٣

(۹۰) بخاری۔ کتاب الوضوء۔ باب التخفيف فی الوضوء۔ ح: ۱۳۸

(۹۱) مسلم۔ کتاب الصلاة۔ باب تسوية الصفوف۔ ح: ۴۳۲

(۹۲) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الانفتال والانصراف عن اليمين والشمال۔ ح: ۸۵۲

(۹۳) بخاری۔ کتاب الصلاة۔ باب الصلاة فی السطوح والمنبر والخشب۔ ح: ۳۷۸

(۹٤) بخاری۔ کتاب الأذان ۔ باب متی يسجد من خلف الإمام۔ ح: ٦۹۰

(۹۵) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب السجود علی سبعة أعظم۔ ح: ۸۱۱

4. جب فرضی نماز کی جماعت کھڑی ہو جائے تو نفلی عبادت الگ سے کرنا جائز نہیں۔[96]
5. اگر ایک رکعت جماعت کے ساتھ مل جائے تو پوری جماعت کا ثواب ہے۔[97]
6. جب امام نماز میں بھول جائے تو مقتدی مرد سبحان اللہ کہہ کر اور عورتیں تالی بجا کر خبردار کریں۔[98]

صف بندی کا بیان:

1. جب تک امام امامت کے لیے نہ آئے، کھڑے ہونا منع ہے۔[99]
2. صفوں کو سیدھا کرنا نماز قائم کرنے کا حصہ ہے۔[100]
3. صف سیدھی کیے بغیر نماز نامکمل رہتی ہے۔[101]
4. عورت صف میں اکیلی کھڑی ہو سکتی ہے۔[102]
5. اگر مرد اکیلا صف میں کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو وہ نماز کو دوبارہ پڑھے۔[103]
6. عقل مند اور سمجھدار لوگ امام کے قریب کھڑے ہوں۔[104]

---

(96) مسلم۔ کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا۔ باب کراہیۃ الشروع في النافلۃ بعد شروع المؤذن۔ ح: ۷۱۰

(97) مسلم۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب من أدرک رکعۃ من الصلاۃ فقد أدرک تلک الصلاۃ۔ ح: ۶۰۷

(98) بخاری۔ کتاب الجمعۃ۔ باب التصفیق للنساء۔ ح: ۱۲۰۳

(99) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب متی یقوم الناس إذا رأوا الإمام عند الإقامۃ۔ ح: ۶۳۷

(100) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب إقامۃ الصفوف من تمام الصلاۃ۔ ح: ۷۲۳

(101) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب تسویۃ الصفوف وإقامتها۔ ح: ۴۳۳

(102) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب الصلاۃ علی الحصیر۔ ح: ۳۸۰

(103) جامع الترمذی۔ ابواب الصلاۃ۔ باب ماجاء فی الصلاۃ خلف الصف وحدہ۔ ح: ۲۳۰

7 تمام لوگ برابر کھڑے ہوں۔ کسی کا سر یا سینہ وغیرہ صف سے باہر نہ نکلا ہوا ہو۔ (۱۰۵)

نماز میں خشوع کا بیان:

1 دوران نماز پہلو پر ہاتھ رکھنا منع ہے۔ (۱۰۶)

2 نقش ونگار والا مصلیٰ نماز میں خشوع کو ختم کر دیتا ہے۔ (۱۰۷)

3 مسجد کی دیواروں اور پردوں کے نقش ونگار بھی خشوع کو ختم کر دیتے ہیں۔ (۱۰۸)

4 نماز میں اِدھر اُدھر جھانکنا نماز کے خشوع کو ختم اور اجر کو کم کر دیتا ہے۔ (۱۰۹)

5 نماز میں اوپر نظریں اُٹھانا منع ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ نظریں اوپر اُٹھیں اور پھر واپس نہ لوٹیں۔ (۱۱۰)

6 جب دستر خوان لگا دیا جائے اور نماز کا وقت بھی ہو جائے تو نماز نہیں ہوتی۔ (۱۱۱)

7 اگر قضائے حاجت کی ضرورت محسوس کر رہا ہو تو بھی نماز نہیں ہوتی۔ (۱۱۲)

---

(۱۰٤) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب تسویة الصفوف وإقامتها۔ ح: ۴۳۲

(۱۰۵) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب تسویة الصفوف وإقامتها۔ ح: ۴۳۶

(۱۰۶) بخاری۔ کتاب الجمعة۔ باب الخصر فی الصلاۃ۔ ح: ۱۲۲۰

(۱۰۷) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب إذا صلی فی ثوب له أعلام۔ ح: ۳۷۳

(۱۰۸) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب إن صلی فی ثوب مصلب أو تصاویر هل تفسد صلاته۔ ح: ۳۷۴

(۱۰۹) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الالتفات فی الصلاۃ۔ ح: ۷۵۱

(۱۱۰) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب النهی عن رفع البصر إلی السماء فی الصلاۃ۔ ح: ۴۲۸

(۱۱۱) مسلم۔ کتاب المساجد ۔ باب کراهیة الصلاۃ بحضرۃ الطعام الذی یرید أکله في الحال۔ ح: ۵۶۰

(۱۱۲) حواله سابقه

8 دوران نماز بھی اگر جمائی آئے تو اس کو روکیں۔[۱۱۳]

9 نماز کے الفاظ کو ایسے اچھے انداز سے ادا کریں کہ گویا آپ اللہ کو دیکھ رہے ہیں۔[۱۱۴]

کیفیت نماز نبوی:

قیام کا بیان:

1 نماز کی نیت کریں۔[۱۱۵]

2 قبلہ رُخ کھڑے ہوں۔[۱۱۶]

3 جہاں تک ممکن ہو جسم کے تمام اعضاء، چہرہ، سینہ ، پاؤں کی انگلیاں وغیرہ سب قبلہ رُخ کریں۔[۱۱۷]

4 نظر کو ادھر ادھر نہ گھمائیں۔[۱۱۸]

5 اللہ اکبر کہتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو اُٹھائیں۔[۱۱۹]

6 ہاتھوں کو کندھوں تک اُٹھائیں۔[۱۲۰]

---

(۱۱۳) مسلم۔ کتاب الزہد والرقاق ۔ باب تشمیت العاطس وکراهية التثاؤب۔ ح: ۲۹۹۵

(۱۱٤) بخاری۔ کتاب الإيمان۔ باب سؤال جبريل النبیﷺ عن الإيمان والإسلام والإحسان وعلم الساعة۔ ح: ۵۰

(۱۱۵) بخاری۔ کتاب الوحی۔ باب بدء الوحی۔ ح: ۱

(۱۱٦) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب فضل استقبال القبلة۔ ح: ۳۹۱

(۱۱۷) حوالہ سابقہ

(۱۱۸) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الالتفات فی الصلاۃ۔ ح: ۷۵۱

(۱۱۹) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب رفع اليدين في التكبيرة الأولى مع الافتتاح۔ ح: ۷۳۵

(۱۲۰) حوالہ سابقہ

7 رفع الیدین کرتے وقت ہاتھوں کی انگلیاں نہ زیادہ کھلی ہوں اور نہ ہی بند ہوں۔[۱۲۱]

8 ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔[۱۲۲]

9 دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھ کر سینہ پر ہاتھ باندھیں۔[۱۲۳]

10 سینہ پر ہاتھ باندھ کر یہ دعا پڑھیں: «اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ، كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ المَشْرِقِ وَالمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالبَرَدِ»[۱۲۴]

یا یہ دعا پڑھیں: «سُبْحَانَكَ اللهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، تَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ» تین مرتبہ: «لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ» اور تین مرتبہ: «اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا»[۱۲۵]

11 پھر ان الفاظ کے ساتھ استعاذہ کریں: «أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ، وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ»[۱۲۶]

12 بسم اللہ سمیت سورۃ الفاتحہ پڑھیں۔[۱۲۷]

13 بسم اللہ آہستہ اور بلند آواز سے پڑھنا، دونوں طرح درست ہے۔[۱۲۸]

---

(۱۲۱) المستدرک علی الصحیحین للحاکم۔۔ باب التأمین۔ ح: ۸۵۶
(۱۲۲) بخاری۔ کتاب الصلاۃ۔ باب فضل استقبال القبلۃ۔ ح: ۳۹۱
(۱۲۳) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب وضع الیمنی علی الیسری۔ ح: ۷۵۹
(۱۲٤) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب ما یقول بعد التکبیر۔ ح: ۷۴۴
(۱۲۵) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب من رأی الاستفتاح بسبحانک اللھم۔ ح: ۷۷۵
(۱۲٦) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب من رأی الاستفتاح بسبحانک اللھم۔ ح: ۷۷۵
(۱۲۷) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب ما یقول بعد التکبیر۔ ح: ۷۴۳
(۱۲۸) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب حجۃ من قال: لا یجھر بالبسملۃ۔ ح: ۳۹۹

14 سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔[۱۲۹]

15 جب امام [غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ۝٧ ۰۰] کے بعد آمین کہے تو مقتدی بھی بلند آواز سے آمین کہیں۔[۱۳۰]

16 جب امام جہری قراءت کرے تو مقتدی سورۃ الفاتحہ کے علاوہ قرآن سے اور کچھ بھی قراءت نہ کریں۔[۱۳۱]

17 نماز ظہر کی آخری دو رکعتوں میں بھی سورۃ الفاتحہ کے علاوہ قرآن کی قراءت کی جاسکتی ہے۔[۱۳۲]

18 نماز کی دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت کی تلاوت کرنا بھی جائز ہے۔[۱۳۳]

19 دوران قراءت اگر آیت سجدہ آجائے تو سجدۂ تلاوت کریں اور اس میں یہ دعا پڑھیں۔: «اللَّهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا، وَضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ»[۱۳۴]

20 امام، مقتدی، اور منفرد تینوں ہی قرآنی آیات پر دعاء، استعاذہ، و تسبیح واستغفار کرسکتے ہیں۔[۱۳۵] البتہ تینوں ہی یہ اذکار وادعیہ سرا کریں گے، جہرا نہیں۔[۱۳۶]

---

(۱۲۹) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب وجوب القراءة للإمام والمأموم۔ ح: ۷۵۶

(۱۳۰) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب جهر الإمام بالتأمين۔ ح: ۷۸۰

(۱۳۱) ابوداؤد۔ کتاب الصلاة۔ باب من ترک القراءة في صلاته بفاتحة الکتاب۔ ح: ۸۲۳

(۱۳۲) مسلم۔ کتاب الصلاة۔ باب القراءة في الظهر والعصر۔ ح: ۴۵۲

(۱۳۳) ابوداؤد۔ کتاب الصلاة۔ باب الرجل يعيد سورة واحدة في الركعتين۔ ح: ۸۱۶

(۱۳۴) جامع ترمذی۔ ابواب الجمعة عن رسول اللهﷺ ۔ باب مايقول فی سجود القرآن۔ ح: ۵۷۹

(۱۳۵) مسلم ۔ کتاب صلاة المسافرين وقصرہا باب استحباب تطویل القراءۃفی صلاۃ اللیل۔ ح: ۷۷۲

رکوع کا بیان:

1. اللہ اکبر کہہ کر رفع الیدین کرتے ہوئے رکوع میں جائیں۔(١٣٧)
2. رکوع میں سر کو کمر کی نسبت نہ زیادہ نیچے جھکائیں اور نہ ہی اوپر اُٹھائیں۔(١٣٨)
3. رکوع میں کمر سیدھی رکھیں۔(١٣٩)
4. ہاتھوں کو گھٹنوں کے ساتھ ٹیک دیں اور ہاتھوں کی انگلیاں کھلی رکھیں۔(١٤٠)
5. رکوع میں یہ دعا پڑھیں:

❀ «سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ»(١٤١)

❀ «سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي»(١٤٢)

❀ «اللهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، خَشَعَ لَكَ سَمْعِي، وَبَصَرِي، وَمُخِّي، وَعَظْمِي، وَعَصَبِي»(١٤٣)

6. رکوع اور سجدہ میں قرآن کی تلاوت کرنا منع ہے۔(١٤٤)

---

(١٣٦) سورة الأعرف :٥٥,٢٠٥

(١٣٧) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب رفع اليدين في التكبيرة الأولى مع الافتتاح۔ ح: ٧٣٥

(١٣٨) مسلم۔ کتاب الصلاة ۔ باب ما يجمع صفة الصلاة و ما يفتتح به ويختم به۔ ح: ٤٩٨

(١٣٩) سنن ترمذی۔ ابواب الصلاة۔ باب ماجاء فيمن لا يقيم صلبه في الركوع والسجود۔ ح: ٢٦٥

(١٤٠) ابوداؤد۔ کتاب الصلاة۔ باب افتتاح الصلاة۔ ح: ٧٣٠

(١٤١) مسلم۔ کتاب صلاة المسافرين۔ باب استحباب تطويل القراءة فى صلاة الليل۔ ح: ٧٧٢

(١٤٢) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الدعاء في الركوع۔ ح: ٧٩٤

(١٤٣) مسلم۔ کتاب صلاة المسافرين وقصرہا۔ باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه۔ ح: ٧٧١

(١٤٤) مسلم۔ کتاب الصلاة۔ باب النهي عن قراءة القرآن في الركوع۔ ح: ٤٧٩

قومہ کا بیان:

1. «سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ» کہتے ہوئے رفع الیدین کرکے رکوع سے اُٹھیں۔[۱۴۵]

2. پھر «رَبَّنَا وَلَكَ الحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ» کہیں۔[۱۴۶]

3. یا پھر یہ کہیں: «رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اللهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ»[۱۴۷]

4. رکوع کے بعد جسم کو بالکل ڈھیلا چھوڑ کر کھڑے ہو جائیں۔[۱۴۸]

5. قومہ میں اطمینان نہ کرنے والے کی نماز نہیں ہوتی۔[۱۴۹]

سجدہ کا بیان:

1. اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں جائیں۔[۱۵۰]

2. سجدہ کرتے وقت ہاتھوں کو پہلے زمین پر رکھیں اور گھٹنوں کو بعد میں رکھیں۔[۱۵۱]

---

(۱۴۵) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب رفع اليدين في التكبيرة الأولى مع الافتتاح۔ ح: ۷۳۵

(۱۴۶) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب فضل: اللهم ربنا لک الحمد۔ ح: ۷۹۹

(۱۴۷) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب ما يقول إذا رفع رأسه من الركوع۔ ح: ۴۷۷

(۱۴۸) بخاری ۔کتاب الأذان۔ باب الطمانينة حين يرفع رأسه من الركوع۔ ح: ۸۰۲

(۱۴۹) ترمذی۔ أبواب الصلاۃ۔ باب ماجاء في وصف الصلاۃ۔ ح: ۳۰۲

(۱۵۰) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب افتتاح الصلاۃ۔ ح: ۷۳۰

(۱۵۱) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب کیف یضع رکبتیه قبل یدیه۔ ح: ۸۴۰

3. سجدہ سات اعضاء، دونوں ہتھیلیوں، دونوں گھٹنوں، دونوں پاؤں کے اطراف اور ناک سمیت ماتھے پر کریں۔[(۱۵۲)]
4. ہاتھوں کی انگلیوں کو ملا کر رکھیں۔[(۱۵۳)]
5. ہاتھوں کو کندھوں[(۱۵۴)] یا کانوں کے برابر رکھیں[(۱۵۵)]
6. بازو اس قدر کھولیں کہ بغلوں کی سفیدی پیچھے سے نظر آئے۔[(۱۵۶)]
7. بازو زمین پر نہ پھیلائیں۔[(۱۵۷)]
8. ایڑیاں جوڑ کر رکھیں۔[(۱۵۸)]
9. پاؤں کی انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف رکھیں۔[(۱۵۹)]
10. سجدہ میں یہ دعا پڑھیں:

❀ «اللَّهُمَّ أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ»[(۱۶۰)]

❀ «اللهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ دِقَّهُ، وَجِلَّهُ، وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ» [(۱۶۱)]

---

(۱۵۲) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب السجود علی الأنف۔ ح: ۸۱۲
(۱۵۳) مستدرک علی الصحیحین للحاکم۔ ح: ۸۲۶
(۱۵٤) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب افتتاح الصلاۃ۔ ح: ۷۳۴
(۱۵۵) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب کیف یضع رکبتیه قبل یدیه۔ ح: ۷۲۶
(۱۵٦) مسلم۔ کتاب الصلاۃ۔ باب ما یجمع صفة الصلاۃ۔ ح: ۴۹۷
(۱۵۷) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب لا یفترش ذراعیه في السجود۔ ح: ۸۲۲
(۱۵۸) صحیح مسلم کتاب الصلاة باب ما یقال في الرکوع والسجود ۔ ح:۴۸۶
(۱۵۹) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب سنة الجلوس فی التشهد۔ ح: ۸۲۸
(۱٦۰) صحیح مسلم کتاب الصلاة باب ما یقال في الرکوع والسجود ۔ ح:۴۸۶

❀ «سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي»(١٦٢)

جلسہ کا بیان:

1. اللہ اکبر کہتے ہوئے سر سجدے سے اٹھائیے۔(١٦٣)
2. بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھیں۔(١٦٤)
3. دایاں پاؤں کھڑا رکھیں۔(١٦٥)
4. دایاں پاؤں کھڑا کر کے اس کی انگلیاں قبلہ رُخ کریں۔(١٦٦)
5. رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتنی دیر دو سجدوں کے درمیان بیٹھتے کہ صحابہ کرام رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ یہ سمجھتے کہ شاید آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بھول گئے ہیں۔(١٦٧)
6. بائیں ہاتھ کو بائیں گھٹنے پر رکھیں اور دائیں بازو کو دائیں ران پر رکھتے ہوئے ہاتھ کی تمام انگلیاں بند کر کے اور انگوٹھے کو درمیانی انگلی پر رکھ کر سبابہ (انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی جسے شہادت والی انگلی کہا جاتا ہے) سے اشارہ کریں۔(١٦٨)

---

(١٦١) مسلم۔ كتاب الصلاة۔ باب ما يقال في الركوع والسجود۔ ح: ۴۸۳

(١٦٢) بخاری۔ كتاب الأذان۔ باب الدعاء في الركوع والسجود۔ ح: ۷۹۴

(١٦٣) بخاری۔ كتاب الأذان۔ باب إتمام التكبير في السجود۔ ح: ۷۸۷

(١٦٤) ابوداؤد۔ كتاب الصلاة۔ باب افتتاح الصلاة۔ ح: ۷۳۰

(١٦٥) مسلم۔ كتاب الصلاة۔ باب ما يجمع صفة الصلاة۔ ح: ۴۹۸

(١٦٦) نسائی ۔ كتاب التطبيق۔ باب الاستقبال بأطراف أصابع القدم القبلة عند القعود۔ ح: ۱۱۵۸

(١٦٧) مسلم۔ كتاب الصلاة۔ باب اعتدال أركان الصلاة وتخفيفها في تمام۔ ح: ۴۷۳

(١٦٨) مسند أحمد۔ ح: ۱۸۳۷۹

7 اس دوران یہ دعا پڑھیں: «رَبِّ اغْفِرْ لِي، رَبِّ اغْفِرْ لِي»[(۱۶۹)]

8 پھر اللہ اکبر کہہ کر دوسرا سجدہ کریں۔[(۱۷۰)]

دوسری رکعت کا بیان:

1 دوسرا سجدہ مکمل کرنے کے بعد جلسہ استراحت کریں۔[(۱۷۱)]

2 زمین پر ٹیک لگاتے ہوئے اُٹھیں۔[(۱۷۲)]

3

4 دوسری رکعت سورۃ الفاتحہ سے شروع کریں۔ دعائے استفتاح نہ پڑھیں۔[(۱۷۳)]

5 پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی تمام رکعتوں میں تعوذ پڑھ لینا مستحب ہے اور نہ پڑھنا بھی جائز ہے۔[(۱۷۴)]

درمیانہ تشہد:

1 دو رکعتیں مکمل کرنے کے بعد اگر سلام نہیں پھیرنا تو اس تشہد میں بیٹھنے کا وہی طریقہ ہے جو دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کا ہے۔[(۱۷۵)]

---

(۱۶۹) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب ما یقول الرجل في رکوعه وسجوده۔ ح: ۸۷۴

(۱۷۰) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب إتمام التكبير في السجود۔ ح: ۷۸۷

(۱۷۱) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب من استوى قاعداً في وتر من صلاته ثم نهض۔ ح: ۸۲۳

(۱۷۲) نسائی۔ کتاب التطبيق۔ باب الاعتماد على الأرض عند النهوض۔ ح: ۱۱۵۳

(۱۷۳) مسلم ۔ کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ۔ باب ما یقال بین تکبیرة الإحرام والقراءة۔ ح: ۵۹۹

(۱۷٤) بخاری۔ کتاب التفسير۔ باب قوله : وظل ممدود۔ ح: ۴۸۸۱

2. درمیانی تشہد میں بھی سبابہ (شہادت والی انگلی) سے اشارہ کرنا ہے۔[۱۷۶]
3. اشارہ قبلہ کی جانب ہونا چاہیے۔[۱۷۷]
4. درمیانی تشہد میں بھی درود اور دعا پڑھیں۔[۱۷۸]
5. جب تیسری رکعت کے لیے اٹھیں تو رفع الیدین کریں۔[۱۷۹]

آخری تشہد:

1. جس تشہد کے بعد سلام پھیرنا ہے، اس میں بیٹھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بائیں پاؤں کو دائیں طرف نکالیں اور بائیں جانب کی سرین کو زمین پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھیں۔[۱۸۰]
2. نماز خواہ دو رکعت والی ہو، تین والی ہو، چار والی ہو، پانچ، سات یا نو رکعت والی ہو یا ایک ہی رکعت والی ہو، آخری رکعت میں بیٹھنے کا طریقہ یہی ہے۔[۱۸۱]
3. بائیں ہاتھ کے ساتھ گھٹنے کا لقمہ بنائیں اور دایاں ہاتھ دائیں گھٹنے پر رکھ کر سبابہ (شہادت والی انگلی) سے اشارہ کریں۔[۱۸۲]

---

(۱۷۵) نسائی۔ كتاب التطبيق۔ باب موضع اليدين عند الجلوس للتشهد الأول۔ ح: ۱۱۵۹
(۱۷۶) ابوداؤد۔ كتاب الصلاة۔ باب افتتاح الصلاة۔ ح: ۷۳۰
(۱۷۷) حوالہ سابقہ
(۱۷۸) مسلم۔ كتاب صلاة المسافرين ۔ باب جامع صلاة الليل ومن نام عنده أو مرض۔ ح: ۷۴۶
(۱۷۹) بخاری۔ كتاب الأذان۔ باب رفع اليدين إذا قام من الركعتين۔ ح: ۷۳۹
(۱۸۰) بخاری۔ كتاب الأذان۔ باب سنة الجلوس في التشهد۔ ح: ۸۲۸
(۱۸۱) ابوداؤد۔ كتاب الصلاة ۔ باب افتتاح الصلاة۔ ح: ۷۳۰

4 آخری تشہد میں یہ دعا پڑھنا ضروری ہے: «اللهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ» [۱۸۳]

تشہد کے الفاظ:

«التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ» [۱۸۴]

درود شریف:

1 «اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ» [۱۸۵]

---

(۱۸۲) مسلم- كتاب المساجد ومواضع الصلاة- باب صفة الجلوس في الصلاة وكيفية وضع اليدين- ح: ۵۷۹

(۱۸۳) مسلم- كتاب المساجد ومواضع الصلاة- باب ما يستعاذ منه في الصلاة- ح: ۵۸۸

(۱۸٤) بخاری- كتاب الأذان- باب التشهد في الآخرة- ح: ۸۳۱

2 «اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ»[۱۸۶]

سلام سے قبل دعائیں:

1 درود پڑھنے کے بعد جو دعا بھی پسند ہو، پڑھیں۔[۱۸۷]

2 چند مسنون دعائیں یہ ہیں:

❀ «اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ يَا اَللَّهُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ، أَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ»[۱۸۸]

❀ «اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ»[۱۸۹]

---

(۱۸۵) بخاری۔ کتاب أحادیث الأنبیاء ۔ باب قول اللہ تعالی: واتخذ اللہ إبراہیم خلیلا۔ ح: ۳۳۶۹

(۱۸۶) بخاری۔ کتاب أحادیث الأنبیاء۔ باب قول اللہ تعالی: واتخذ اللہ إبراہیم خلیلا۔ ح: ۳۳۷۰

(۱۸۷) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب ما یتخیر من الدعاء بعد التشهد ولیس بواجب۔ ح: ۸۳۵

(۱۸۸) ابوداؤد۔ کتاب الصلاۃ۔ باب ما یقول بعد التشہد۔ ح: ۹۸۵

(۱۸۹) بخاری۔ کتاب الأذان۔ باب الدعاء قبل السلام۔ ح: ۸۳۳

